نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

20 اپریل 2011ء

برائے فوری اجراء

082/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

اعلیٰ ترین امریکی فوجی کمانڈر کا دیرپا اشتراک کار کیلئے عزم

انتہا پسندی سے برسرپیکار پاکستان کیلئے امریکی اعانت پر زور

اسلام آباد (20 اپریل 2011ء) ___ امریکی بحریہ کے ایڈمرل اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی مائیک مولن نے چیف آف آرمی سٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی سے صلاح مشورے کیلئے آج پاکستان کا دورہ کیا۔

ایڈمرل مائیک مولن نے دورے کے دوران چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل خالد شمیم وائیں سے بھی ملاقات کی۔ پاکستان میں امریکہ کے سفیر کیمرون منٹر نے اُنھیں بریفنگ دی اور پاکستان میں امریکہ کے سیکورٹی مشن سے متعلق تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کیا۔ اپنے سارے دورے کے دوران ایڈمرل مولن نے متشدد انتہا پسندوں سے نبرد آزما پاکستان کیلئے امریکہ کی جانب سے طویل مدتی اعانت کے عزم پر زور دیا۔

ایڈمرل مائیک مولن اکتوبر 2007ء میں جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کا چیئرمین بننے کے بعد سے اب تک بائیس مرتبہ پاکستان کا دورہ کر چکے ہیں۔ گزشتہ بار اُنھوں نے 15 تا 16 دسمبر 2010ء کو پاکستان کا دورہ کیا تھا۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔